## کوئٹہ میں یوم القدس ریلی میں بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

### معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے انسان نہیں بلکہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔الطاف حسین

### تمام شہریوں کو ہر قسم کے امتیاز اور اختلافات سے بالاتر ہوکر انسانیت دشمن عناصر کے خلاف متحد ہو جانا چاہیے

### اوران ملک دشمن دہشت گردوں کے خلاف پاک فوج جو کارروائی کررہی ہے اس کو سپورٹ کرنا چاہیے

لندن۔۔۔ 3 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ میں یوم القدس ریلی میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوردہشت گردی کے اس واقعہ میں درجنوں معصوم وبے گناہ شہریوں کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ابھی لاہور میں یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جلوسوں میں ہونے والے خودکش حملوں میں شہید ہونیوالوں درجنوں معصوم وبے گناہ شہریوں کا غم ہی تازہ تھا اوراس سانحہ کے زخمی ابھی تک موت وزندگی کی کشمکش میں مبتلا ہیں کہ انسانیت کے دشمن عناصر نے آج کوئٹہ میں یوم القدس کی ریلی میں دھماکہ کرکے مزید کئی معصوم شہریوں کو خاک وخون مین نہلا دیا۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے ان واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جولوگ معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں وہ انسان نہیں بلکہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اورانسانیت پر یقین رکھنے والے تمام شہریوں کو ہر قسم کے امتیاز اوراختلافات سے بالاتر ہوکر انسانیت دشمن عناصر کے خلاف متحد ہوجانا چاہیے اوران ملک دشمن دہشت گردوں کے خلاف پاک فوج جو کارروائی کررہی ہے اس کو سپورٹ کرنا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور جولوگ بھی ان دہشت گردوں کو بلاواسطہ یا بلاواسطہ سپورٹ کررہے ہیں ان کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے کوئٹہ میں بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت فرمائے ،لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور جاں بحق ہونے والوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔انہوں نے زخمیوں سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا اورانکی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## کوئٹہ میں یوم القدس ریلی میں بم دھماکے سے مختلف ٹی وی چینلز کے رپورٹرز اور کیمرہ مینوں کے زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

### جناب الطاف حسین نے آج ٹی وی چینل کے ڈرائیور محمد سرور کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار

لندن۔۔۔ 3 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ میں یوم القدس کے سلسلے میں نکالی گئی ریلی میں بم دھماکے سے مختلف ٹی وی چینلز کے رپورٹرز اور کیمرہ مینوں کے زخمی ہونے اورآج ٹی وی چینل کے ڈرائیور کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس اورتعزیت کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے اس واقعہ میں جاں بحق ہونے والے آج ٹی وی چینل کے ڈرائیور محمد سرور کے لواحقین سے بھی دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے ،لواحقین کو صبر دے اورزخمیوں کو جلد ومکمل صحت یابی عطا فرمائے۔

## ارکانِ رابطہ کمیٹی کا کندھ کوٹ، کشمور، سلطان پور، اوردیگر سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ

### مصیبت زدہ عوام کی امداد کیلئے مخیّر حضرات کے ساتھ پوری قوم کو آگے آکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔اشفاق منگی اور یوسف شاہوانی

### ارکانِ رابطہ کمیٹی جاوید کاظمی اورتوصیف خانزادہ کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں جاری امدادی سرگرمیوں کا معائنہ

سکھر۔۔۔03ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ مصیبت زدہ عوام کی امداد کیلئے مخیّر حضرات کے ساتھ پوری قوم کو آگے آکر اپنا کردارادا کرنا ہوگا، ملک اس وقت نازک دور سے گزررہا ہے،ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے قدرتی آفات اورسانحات سے متاثرہ عوام کی بھرپور انداز میں مدد کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ خدمت کے جذبے سے پوری طرح سرشار ہے اوراب تک 25 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی امداد ان متاثرین میں تقسیم کرچکی ہے۔ان خیالات

اظہارانہوں نے گزشتہ روزاررو ڑ میں سلطان پور میں متاثرین سے ملاقات کے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پران کے ہمراہ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن آفتاب سومرو،ایم کیوایم سکھر زونل کمیٹی کے انچارج قطب الدین وارا کین اورروہڑی سیکٹر کے انچارج وارا کین بھی موجود تھے۔قبل ازیں اشفاق منگی نے اررو ڑ میں سلطان پورکیمپ کا دورہ بھی کیا ۔انہوں نے رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی کے ہمراہ سکھربیں کیمپ سے کندھ کوٹ میں سیلاب متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس آٹا،چینی،دالیں،چاول،خشک دودھ بسکٹ،پاپے،مصالحہ جات،پینے کا صاف پانی،نہانے اورکپڑے دھونے کے صابن سمیت دیگر امدادی اشیاء سے بھرا ٹرک کندھ کوٹ روانہ کیا ۔بعدازاں اشفاق منگی نے سکھر پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ منارہ روڈ میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فیلڈ اسپتال کا بھی دورہ کیا،زیر علاج مریضوں سے ملاقات کر کے ان کی خیریت دریافت کی کشمور میں موجوداندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن حبیب بلندی ،کشمور زونل کمیٹی کے انچارج غلام جیلانی وارا کین نے کندھ کوٹ میں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان تقسیم کی اورمتاثرین سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔دریں اثناء یم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اورتوصیف خانزادہ نے جمعرات کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن میں مرکزی کیمپ کا دورہ کر کے امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔ بعدازاں ارکانِ رابطہ کمیٹی نے اپنی نگرانی میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے امدادی سامان کوکراچی سے ٹھٹھہ روانہ کیا۔

## سیلاب زدگان سے مکمل اظہارِ یکجہتی اور ہمدردی اوردکھی انسانیت کی جذبے سے سرشار ہوکر میک کالجیٹ کی انتظامیہ نے طلبہ وطالبات کی جانب متاثرین کی امداد کیلئے دولاکھ روپے مالیت کے عطیہ کا چیک ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل کو پیش کیا۔

کراچی ۔۔۔03ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز 90 پرگزشتہ دنوں میک کالجیٹ کی انتظامیہ نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل سے ملاقات کی ۔اس موقع پرانتظامیہ نے سیلاب زدگان سے مکمل اظہارِ یکجہتی اور ہمدردی اوردکھی انسانیت کی جذبے سے سرشار ہوکر طلبہ وطالبات کی جانب سے جمع ہونیوالی چندہ سے متاثرین کی امداد کیلئے دولاکھ روپے مالیت کے عطیہ کا چیک رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل کو پیش کیا۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے میک کالجیٹ کی انتظامیہ سے گفتگو کرتے ہوئے انکے جذبات کو سراہاتے ہوئے متاثرین کی امداد کیلئے تعاون کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کی جانب سے انکاشکریہ ادا کیااوراپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

## ساؤتھ افریقہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ضیغم الدین عظیم اورڈپٹی ہائی کمشنر عبدالجبار میمن کا جوہانسبرگ میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کا دورہ سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں اورکاوشیں قابل تعریف ہیں۔ہائی کمشنر پاکستان ضیغم الدین عظیم سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے ساؤتھ افریقہ کے مختلف شہروں میں امدادی کیمپ لگائے گئے ہیں

جوہانسبرگ۔۔۔ 3 ستمبر 2010ء

پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کی جانب سے ساؤتھ افریقہ کے مختلف شہروں میں امدادی کیمپ لگائے گئے ہیں جہاں ایم کیوایم کے کارکنان سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان اورعطیات جمع کررہے ہیں ۔مرکزی امدادی کیمپ جوہانسبرگ میں قائم کیا گیا ہے جبکہ ڈربن، کیپ ٹاؤن، پیٹرز برگ میں بھی ایم کیوایم کے کارکنان عطیات اورامدادی سامان جمع کرنے کیلئے پاکستانی کمیونٹی سے رابطہ کررہے ہیں۔ساؤتھ افریقہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ضیغم الدین عظیم اورڈپٹی ہائی کمشنر عبدالجبار میمن نے جوہانسبرگ میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کے ذمہ داروں نے انہیں امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ پاکستان کے ہائی کمشنر ضیغم الدین عظیم اورڈپٹی ہائی کمشنر عبدالجبار میمن نے سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کوسراہا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب سے بڑی تباہی آئی ہے اورکروڑوں افرادمتاثر ہوئے ،کئی شہرمٹ چکے ہیں،نقصانات اندازوں سے کہیں زیادہ ہیں اورمتاثرین کی امداد اکیلے حکومت کی بس کی بات نہیں ہے لہٰذا ملک اوربیرون ملک مقیم پاکستانیوں کوسیلاب سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے آگے آنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اورمختلف فلاحی تنظیموں کا کردارانتہائی مثبت ہے۔انہوں نے سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں اورکاوشوں کوقابل تعریف قرار دیا۔

## رابطہ کمیٹی ارکان وسیم آفتاب، جاوید کاظمی نے شیعہ عالم دین سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں

## لاہور میں یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جلوسوں میں بم دھماکوں میں شہید ہونے والے شہداء کی مغفرت کے لئے دعا کی

کراچی۔۔۔3 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور جاوید کاظمی نے شہر میں فرق وارانہ ہم آہنگی کے قیام، بھائی چارگی کے فروغ کیلئے علمائے کرام شیعہ عالم دین علامہ طالب جوہری، ، علامہ عباس کمیلی ،مولانا مرزا یوسف، علامہ ظہیر عابدی، علامہ علی کرار نقوی، اور علامہ اطہر حسین مشہدی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ علمائے کرام نے ملاقوتوں کے دوران لاہور میں یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جلوسوں میں بم دھماکوں اور کراچی میں ایمپریس مارکیٹ کے قریب یوم علی کے جلوس پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور ان سے متعدد عزا زادران کی شہادت پر دلی افسوس ودکھ کا اظہار کیا۔ لاہور میں بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگوار لواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ رابطہ کمیٹی نے علمائے کرام سے گفتگو میں کہا کہ سیلاب کے باعث ملک اس وقت خطرناک صورتحال سے دوچار ہے ان حالات میں دہشت گردی کے واقعات ملک میں انارکی پھیلانا اور امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنا ہے جو قابل مذمت ہے اور معصوم شہریوں خصوصاً بچوں، خواتین ، بزرگوں کو خاک وخون میں نہلانے والے دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور ایسے انسانیت دشمن عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔ علمائے کرام نے رابطہ کمیٹی کی باتوں سے اتفاق کیا اور کہا کہ قیام امن ،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے الطاف حسین نے کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

## دانش علی شہید ایم کیو ایم شہداء قبرستان میں سپرد خاک کردیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست نمائندوں اور دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔3 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن سیسی یونٹ کے سابق سب یونٹ کمیٹی کے رکن دانش علی شہید کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا، دانش علی شہید کی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ کے بعد ناظم آباد کی مقامی مسجد میں میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی رکن سلیم تاجک، حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب، خالد بن ولایت، رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر، لیبر ڈویژن کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید دانش علی کے عزیز اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔03/ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم معمار سیکٹر اسکیم 33 جامعہ کراچی یونٹ B کے کارکن نسیم احمد کی اہلیہ شائستہ، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 138 کے کارکن محفوظ خان کے بڑے بھائی مقصود خان، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 12 کے کارکن یوسف کی والدہ حلیمہ، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن عرفان راجپوت کے والد غلام مرتضیٰ، ایم کیو ایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن فرحان حمید کی والدہ مسرت حمید اور ایم کیو ایم میر پور خاص زون جھنڈو سیکٹر یونٹ نوا کوٹ کے کارکن محمد سلیم رضا کے والد نظیر محمد خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆